تلوار فلمز کا بہترین و نایاب شاہکار

संगदिल

سنگدل

اداکاران:- دلیپ کمار - مدھوبالا - لیلا چٹنس - شمی وغیرہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری

کملا کی محبت نے ایک خواب دیکھا۔ زندگی ایک مدھر گیت بن گئی۔ تارے ناچنے لگے۔ دُور کہیں سے شنکر نے اُسے پکارا۔

دھرتی سے دُور گورے بادلوں کے پار
آجا آجا بسا لیں نیا سنسار

خواب کا جادُو ٹوٹ گیا۔ بچپن نے کروٹ بدلی۔ جوانی اپنے ساتھ مصیبتوں کو لے آئی۔ اِدھر کملا ایک انجان منزل کی کھوج میں تھی اور اُدھر شنکر کملا سے دُور سوار تھی سنسار کے اندھیارے میں کھو چکا تھا۔ جوانی ہمیشہ پریم پُجارن ہوتی ہے۔ اور کملا کا دیوتا تھا شنکر اُسی طرح کملا بھی شنکر کی پُوجا کرتی تھی۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

گانے

نمبر ۱

دھرتی سے دُور گورے بادلوں کے پار۔ آجا آجا بسا لیں نیا سنسار
چھوٹی سی اپنی دُنیا بسائیں۔ پیار کا جس میں کھیل رچائیں
چاند کو اپنی ناؤ بنا کے سُندر تارے توڑ کے لائیں

دُنیا سے ہو اپنی دُنیا نرالی ۔ جگ سے نرالا اپنا پیار

آجا آجا ....

گود میں لیکے رُت کی رانی ۔ روز سُنائیں نئی کہانی

چھم چھم کرتا آئے سویرا پھولوں کی دیجائے نشانی

شبنم آ کے مکھڑا چومے رم جھم برسے مست پھوہار ۔ آجا ....

دھرتی سے دُور ....

نمبر ۲

درشن پیاسی آئی داسی جگمگ دیپ جلائے

پربھو چرن کی دھول ملے تو جیون میں سُکھ آئے

جگ تیا کے بھون ہارے ۔ تیری جیوتی چاند ستارے

آئی پاپن شرن تمہاری بدا ہی راکھو اپنے دُوارے

بنتی کروں میں نس دن توری چرن سیس نوائے ۔ پربھو ....

دھرو نہ اوگن نام پربھو جی ۔ راکھو میرا مان پربھو جی

بھو ساگر سے پار لگاؤ ۔ دیجو یہ وردان پربھو جی

پل پل چھن چھن پاپی جیون ۔ درس تمہارے پائے ۔ پربھو ...

نمبر ۳

درد بھری کسی کی یاد۔ دل میں لگا رہی ہے آگ۔ درد بھری کسی کی یاد
ڈوبتے دن کے ساتھ ساتھ۔ ڈوب رہی ہے دل کی آس
بیت گیا ایک اور دن۔ من کی بجھی نہیں ہے پیاس۔ درد....
شام ہوئی گھروں کی اور پنچھی خوشی خوشی چلے
جاؤں کہاں میں کس کے پاس۔ سوچ کر میرا دل جلے
درد بھری.....

چلتے ہوئے یہ راستے۔ کہتے ہیں تو بھی چل کہیں
کیسے اٹھیں میرے قدم منزل میری کوئی نہیں
درد بھری...

نمبر ۴

یہ ہوا۔ یہ رات۔ یہ چاندنی۔ تیری ایک ادا پہ نثار ہے
مجھے کیوں نہ ہو تیری آرزو۔ تیری جستجو میں بہار ہے
تجھے کیا خبر ہے او بے خبر۔ تیری ایک نظر میں ہے کیا اثر
جو غضب میں آئے تو قہر ہے۔ جو ہو مہرباں تو قرار ہے۔
تیری بات بات ہے دل نشیں۔ کوئی تجھ سے بڑھ کر نہیں حسیں
ہیں کلی کلی میں جو مستیاں۔ تیری آنکھ کا یہ خمار ہے

نمبر ۵

وہ تو چلے گئے اے دل۔ یاد سے اُن کی پیار کر
جینے میں کیا مزا رہا۔ موت کا انتظار کر
تجھ کو خوشی سے کیا غرض۔ غم ہے تیرے نصیب میں
خوشیوں کی آس چھوڑ دے۔ غم کو گلے کا ہار کر
بھول جا دِن بہار کے۔ دیکھ نہ خواب پیار کے
دِل تو نثار کر دیا۔ جان بھی اب نثار کر

نمبر ۶

دِلوں میں سما گئے سجن۔ پھول کھلے چمن چمن۔ پیار بھی مُسکرا دیا
مستی بھری ہوا چلی۔ ہنسنے لگی کلی کلی۔ تم سے مُجھے مِلا دیا
ایسا بدل گیا سماں۔ بدلے زمیں و آسماں
چھوڑ کے جگ بنا لیا۔ پیار نے اِک نیا جہاں
آئیں گھٹائیں جھوم کے نیل گگن کو چُوم کے
غم کا نشاں مِٹا دیا . . .
پہلے کوئی خوشی نہ تھی۔ دِل کی کلی کھِلی نہ تھی
تیرِ نظر چلا نہ تھا۔ زندگی زندگی نہ تھی

تیرے قدم کی آہٹیں۔ بن گئیں مُسکراہٹیں

میرا جہاں بسا دیا

آئی جو رُت بہار کی۔ چھڑ گئی بات پیار کی

دِل نے تڑپ تڑپ کے پھر تیرے لئے پُکار کی

تم بھی کہیں سے آ گئے۔ دھیرے سے مُسکرا گئے

دِل کو ہنسا ہنسا دیا

نمبر ۷

کہاں ہو کہاں میرے جیون سہارے۔ تمہیں دِل پکارے تمہیں دِل پکارے

بہائے ہیں آنسو جُدائی میں تیری۔ یہ ارماں بیچارے یہ ارماں بیچارے

کہاں ہو کہاں......

نظر سے گرا کر چلے جانے والے۔ اُدھر تڑپانے والے

یہ دِل ڈھونڈتا ہے تمہارے اشارے۔ تمہارے اشارے

کہاں ہو کہاں....

تڑپتے ہیں آنکھوں میں ارمان دیکھو۔ یہ طوفان دیکھو

چلے آؤ روتا ہے دِل غم کے مارے۔ کہاں ہو کہاں...

(ختم شد)

سینما سنگیت

جس کے اندر بولتی فلموں میں گائے ہوئے ۵۲۵ وہ دلکش گانے درج کئے ہیں۔ جنہیں ۔ ۲۵ بہترین نئی نئی فلموں میں سے چُنا گیا ہے۔ اور جن کو زمانۂ حال کے مشہور ستارے مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ مدھو بالا۔ نمّی۔ ریحانہ ممتاز شانتی۔ نور جہاں۔ مینا۔ اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیوانند کرن دیوان۔ موتی لعل۔ ماسٹر سہگل وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے ان گانوں کو ایک بار پڑھنے و سُننے سے انسان تڑپ جاتا ہے اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔ اگر آپ کو بھی فلمی گانوں کا شوق ہے تو اس کتاب کو منگا کر پڑھیں۔

قیمت صرف -/12/1 محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

پیغامِ شادی

شادی سے پہلے اور شادی کے بعد ہونیوالے تمام واقعات کا آئینہ ہے۔ نوجوانوں کو اس کا مطالعہ تمام زندگی کو ایک راہبر کا کام دیگا آپکی رفیقۂ حیات کسطرح آپ سے خوش رہ سکتی ہے۔ کس طرح آپ اُس کو اپنے قابو میں رکھکر زندگی کا سچا لُطف حاصل کرسکتے ہیں یہ تمام قیمتی راز اِس کتاب کے مطالعہ سے آپکو معلوم ہوجائیں گے۔ پیغامِ شادی کا مطالعہ آپکو ایک سچا خاوند اور آپکی بیوی کو ایک فرمانبردار بیوی بنا دیگا۔ قیمت صرف ۔/8/1 محصولڈاک معاف

سُہاگ رات

جس کا مطالعہ شادی کی پہلی رات کا لُطف دیگا۔ اپنی رفیقۂ حیات کے ساتھ رات کی تنہائی میں پڑھیئے اور زندگی کو پُرکیف بنلیئے۔

قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی